# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

## پریس ریلیز

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ 2021ء پارٹ II انشاءاللہ مورخہ 10-07-2021 بروز ہفتہ سے شروع ہو رہا ہے۔اس سلسلہ میں پرائیویٹ امیدواران کو رولنمبر سلپس بمعہ ڈیٹ شیٹ ان کے دیئے گئے پتہ جات پر ارسال کر دی گئی ہیں تاہم پرائیویٹ امیدواران خود بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے رول نمبر سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں جبکہ ریگولر امیدواران کو سلپس ان کے ادارہ جات خود ڈاؤن لوڈ کر کے دیں گے۔

مورخہ 05-07-2021 تک رولنمبر سلپ نہ ملنے کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کے ضروری کوائف کے ساتھ دفتر سے رابطہ کریں۔

تمام امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحانی مراکز پر موبائل فون لے جانا اور اس کا استعمال قطعی ممنوع ہے کسی امیدوار سے موبائل فون برآمد ہونے کی صورت میں اس کے خلاف حسب ضابطہ UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کیا جائے گا۔مزید برآں کسی بھی قسم کے ناجائز ذرائع کے استعمال پر بورڈ قوانین کے مطابق UMC اور پولیس کیس رجسٹرڈ کروایا جائے گا۔

تمام امیدواران انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2021ء اس بات کو یاد رکھیں کہ وہ اپنا پرچہ دینے کے لیے امتحانی مراکز پر پرچہ شروع ہونے سے 30 منٹ (آدھ گھنٹہ) پہلے پہنچ کر اپنی مقرر کردہ سیٹ پر بیٹھ جائیں۔تاکہ تمام کوائف کے اندراجات صحیح طور پر مکمل کر کے پرچہ بروقت شروع کیا جا سکے۔ریگولر ادارہ جات بورڈ کی ویب سائٹ/انٹرنیٹ کے کسی بھی مسائل کے حل یا راہنمائی کے لیے شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبر 040-9200523 پر رابطہ کریں۔مزید معلومات کے لیے بورڈ کے ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

-sd-

**کنٹرولر امتحانات**

تاریخ 01-07-21

DCE(I) 636

**کاپی برائے اطلاع:**

1۔ PA برائے چیئرمین
2۔ PA برائے کنٹرولر امتحانات/سیکرٹری/آڈٹ آفیسر
3۔ ریسرچ اینڈ کوارڈینیشن آفیسر (برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات)
4۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈ ویب سائیٹ)
5۔ جملہ آفیسران بورڈ

01/7/21

**ڈپٹی کنٹرولر امتحانات (انٹر)**

برائے کنٹرولر امتحانات

(040-9200522)